نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21 سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب کی جانب سے کھاد فروخت کرنے والے ڈیلرز کی مفت رجسٹریشن کا عمل جاری ہے:

ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور: 21 جولائی 2022 ( ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق کاشتکاروں کو معیاری کھادوں کی بروقت دستیابی یقینی بنانے کے لئے زرعی کھادوں کے کاروبار کرنے والے افراد کا زراعت (توسیع) کے پاس رجسٹرڈ ہونا ضروری ہے۔اس ضمن میں حکومت پنجاب کی ہدایت پر جو افراد کھاد کے ڈیلرز کے طور پر رجسٹریشن کروانا چاہتے ہیں وہ متعلقہ ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت (توسیع) یا اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت (توسیع) کے دفاتر سے مفت درخواست فارم حاصل کر سکتے ہیں۔خواہشمند حضرات محکمہ زراعت کی ویب سائٹ **www.agripunjab.gov.pk** سے بھی درخواست فارم کو ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں نیز درخواست فارم کی فوٹو کاپی بھی قابلِ قبول ہوگی۔محکمہ زراعت پنجاب مکمل درخواست فارم جمع کرانے کی صورت میں درخواست گزار کو چھ ماہ کے لئے مفت لائسنس جاری کرے گا اور ٹریننگ سے بھی استثنٰی / چھوٹ دی جائے گی۔خواہشمند افراد مکمل درخواست فارم 14 ستمبر 2022 تک اپنی متعلقہ تحصیل کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت (توسیع) کے دفتر میں جمع کرائیں۔اس عرصہ میں جمع کروائی گئی درخواست کسی بھی ٹریننگ یا فیس سے مستثنٰی ہوگی۔مزید معلومات کے لئے کاشتکار بروز پیر یا جمعہ صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک ایگریکلچرل ہیلپ لائن 17000-0800 پر کال کر سکتے ہیں۔ترجمان نے مزید بتایا کہ اس سے کاشتکاروں کو معیاری کھادوں کی بروقت دستیابی میں نہ صرف مدد ملے گی بلکہ کھاد ڈیلرز کے لئے بھی آسانی پیدا ہوگی

☆☆☆☆